# FAUJI CEMENT COMPANY LIMITED
# NOTICE OF 15TH EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 15th Extraordinary General Meeting of members of Fauji Cement Company Limited (FCCL) will be held **at Pearl Continental Hotel, Rawalpindi on 10th December 2024 (Tuesday) at 1500 hours** to transact the following business:-

## SPECIAL BUSINESS

1. To elect Directors of Company for a period of three years from **13th December 2024 to 12th December 2027** in terms of **Section 159 of Companies Act 2017**.

   a. Pursuant to section 159 (1) and 159 (2) (a) of the Companies Act 2017, the number of Directors to be elected has been fixed as eight (08).

   b. The names of the retiring Directors are as follows:-

      (1) Lt Gen Anwar Ali Hyder, HI (M), Retd.
      (2) Lt Gen Qazi Muhammad Ikram Ahmed, HI (M), Retd.
      (3) Mr. Syed Bakhtiyar Kazmi.
      (4) Mr. Mazhar Abbas Hasnani.
      (5) Mr. Sami ul Haq Khilji - Independent Director
      (6) Ms. Maleeha Bangash - Independent Director
      (7) Ms. Naila Kassim - Female Director

   The retiring Directors are eligible for re-election.

## OTHER BUSINESS

2. To transact any other businesses with permission of Chairman.

A statement of material facts under Sections 134(3) and 166(3) of the Companies Act 2017 with respect to election of directors is annexed to this Notice.

By Order of FCCL Board

**Brig Kashif Naveed Abbasi, SI (M), Retd**
Company Secretary

Rawalpindi
Dated: 18 November 2024

**Notes**

1. As per provisions of Regulation No 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation 2019, voting for the election of Directors of the Company shall be held separately for the following three categories:-

| S. No | Category | No of Directors |
|---|---|---|
| a. | Independent Directors | 2 |
| b. | Female Director | 1 |
| c. | Other Directors | 5 |
| | **Total** | **8** |

2. The share transfer books of Company will remain closed from **4th December to 10th December 2024** (both days inclusive) for the Extraordinary General Meeting.
3. Members can exercise their right to poll subject to meeting of requirement of Section 143-145 of the Companies Act, 2017 and applicable clauses of Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.
4. Any member desiring to contest the election to the office of Director shall, whether he/ she is a retiring director or otherwise, file with the Company not later than fourteen (14) days before the meeting a notice of his/her intention on Appendix to Form 9 to offer himself/herself for election as a director.
5. Any person / member who seeks to contest for election in the category of independent director or a female director, should clearly mention only one category (either female or independent) in which he/she intends to contest for the election of director.
6. The following documents are required to be submitted along with notice of intention to contest election of directors; confirming that:
   a. He/she is not ineligible to become a Director of the Company under any applicable laws and regulations.
   b. Neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of brokerage or is a sponsor, director or Officer of a corporate brokerage house.
   c. He/she is not serving as a director in more than seven listed companies.
   d. He/she is aware of the duties of the directors under the Act, the Memorandum and Articles of Association of the Company, Rule Book of the Pakistan Stock Exchange Limited, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other relevant laws & regulations.
7. File consent to act as director as prescribed in Appendix to Form-9 of the Companies Regulations, 2024.
8. A detailed profile of the Candidate including his / her address which will be placed on Company's website as per SECP's requirement.
9. National Tax Number (NTN) and copy of CNIC/Passport.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

10. The candidates for independent Directors quota shall submit a declaration along with his/her consent that he / she qualifies the criteria of independence under the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2019.

11. **CDC Account Holders** shall follow the under mentioned guidelines laid down by SECP.

12. **For Attending the Meeting**

a. **Through Video-Link**

(1) The Company will make arrangement to arrange participation of members in the EOGM through video link in addition to physical attendance.

(2) The members desirous of attending the meeting through video link etc., may inform the Company and provide their details including name, CNIC scan (both sides), folio number, cell phone number and email address by **7th December 2024** at the email secretaryoffice@fccl.com.pk.

(3) The video link of meeting shall be sent to the members on their registered email addresses. Accordingly, the members will be able to participate in EOGM proceedings through their smartphones or computer devices.

(4) The login facility will be opened at **1430 hours** on **10th December 2024** enabling the participants to join the proceedings after identification and verification process before joining the meeting, which will start at 1500 hours sharp.

b. **Personal Attendance**

(1) In case of individuals, the account holders or sub account holders and / or the person, whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate identity by showing his/ her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

(2) Members registered on CDC are also requested to bring their particulars, I.D Numbers and account numbers in CDS.

13. **For Appointment of Proxies/Attendance of Meeting**

a. A member of the Company entitled to attend and vote at the Meeting may appoint a person/representative as proxy to attend and vote in place of the member. Proxies in order to be effective must be received at the Company's Registered Office, Fauji Towers, Block-III, 68 Tipu Road, Chaklala, Rawalpindi, Pakistan, Pakistan not later than 48 hours before the time of holding the Meeting and no account shall be taken of any part of the day that is not a working day. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi *

b. Any Individual Beneficial Owner of CDC, entitled to vote at this the Meeting, must bring his / her original Computerized National Identity Card (CNIC) to prove identity, and in case of proxy, a copy of shareholder's attested CNIC must be attached with the proxy form.

c. In case of individuals, the account holder or sub account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the requirement.

d. The proxy form shall be witnessed by the two persons whose names, addresses and CNIC number shall be clearly mentioned on the Form.

e. Attested copies of CNIC or the Passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

f. The proxy holder shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

g. **Representatives of Corporate Members**

Representatives of corporate members should bring Resolution/Power of Attorney (unless it has been provided earlier) of the Board of Directors.

14. **Consent for Video Conference Facility**

a. As permissible under Section 132 (2) of the Companies Act 2017, members can avail video conference facility for the EOGM, in any city provided the Company receives consent from the member(s) holding in aggregate 10% or more shareholding, residing at above-mentioned locations, at least 7 days prior to date of the meeting.

b. Subject to the fulfillment of the above condition, member(s) shall be informed of the venue, 5 days before the date of the EOGM along with complete information necessary to access the facility. In this regard, a duly signed written request as per following format at the registered address of the Company 7 days before holding of General Meeting:-

"I/We, ____________________ of _____________, being a member of Fauji Cement Company Limited, holder of ______ Ordinary Share (s) as per Register Folio/ CDC Account No _______ hereby opt for video conference facility at _____________".

____________________
(Signature of Member)

15. **Postal Ballot / E-Voting for Election of Directors**

a. Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (as amended upto December 05, 2022) the members shall be able to vote through electronic voting facility and voting by post provided the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under subsection (1) of section 159 of the Act.

b. In case the number of persons who have filed consent to contest election exceeds the number of directors to be elected in the EOGM, the Company will publish the Ballot Paper and information laid down in the relevant sub-

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
* Rawalpindi *

regulation in one English and one Urdu newspapers (in which EOGM notice was published) providing the detailed information as laid down in Annexure-I to the said regulation and also upload the Ballot Paper on its website not later than seven (07) days before the holding of EOGM.

c. In case voting is to take place, the Company shall immediately appoint an **e-voting service provider** and also appoint **a scrutinizer** for the purpose of voting. The names of the e-voting service provider and the scrutinizer will be sent to the members, placed on the website and also published in the newspapers.

16. **Following of Code of Conduct by Members at EOGM**

Members are requested to observe the conduct referred in sub-regulation 2 of Regulation 55 of the Companies Regulations, 2024 while attending the EOGM.

17. **Change of Address**

Members are requested to notify any change in their addresses immediately. For any further assistance, the members may contact the Company or the Share Registrar at the following address:-

| **Registered Office** | **FCCL Registrar** |
|---|---|
| Company Secretary<br>Fauji Cement Company Limited,<br>Fauji Towers, Block-III, 68 Tipu Road,<br>Chaklala, Rawalpindi, Pakistan<br>**Tel:**+92-051-9280081-83<br>Email: secretaryoffice@fccl.com.pk<br>**Website**: www.fccl.com.pk | M/s Corplink (Pvt) Limited<br>Wings Arcade, 1-K, Commercial<br>Model Town Lahore, Pakistan<br>Tel: +92-042-35916714-19, 35839182<br>Email: corplink786@gmail.com,<br>Website: http://www.corplink.com.pk |

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi *

# STATEMENT OF MATERIAL FACTS

## Statement of Material Facts under Sections 134(3) and 166(3) of The Companies Act, 2017 in Respect of Appointment of Independent Directors:

1. The Board of Directors had decided that eight (08) directors will be elected in the forthcoming EOGM to be held on December 10, 2024 at 15:00 hours at the Pearl Continental Hotel, Rawalpindi. The names of the retiring directors are as follows whose term will expire on December 12, 2024:

   a. Lt Gen Anwar Ali Hyder, HI (M), Retd.
   b. Lt Gen Qazi Muhammad Ikram Ahmed, HI (M), Retd.
   c. Mr. Syed Bakhtiyar Kazmi.
   d. Mr. Mazhar Abbas Hasnani.
   e. Mr. Sami ul Haq Khilji - Independent Director
   f. Ms. Maleeha Bangash - Independent Director
   g. Ms. Naila Kassim - Female Director

2. The new Board of Directors to be elected will be from the following categories:

| S. No | Category | No. of Directors |
|---|---|---|
| a. | Independent Directors | 2 |
| b. | Female Director | 1 |
| c. | Other Directors | 5 |
| | **Total** | **8** |

3. The categorization is in accordance with the requirements laid down in the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

4. The management of the Company shall carry out due diligence before selecting/electing such a person as independent director. As per requirement of Securities and Exchange Commission of Pakistan, the name of proposed independent director is required to be available in the databank maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance.

5. Final list of contesting directors will be published in Newspapers not later than seven days before the date of the said meeting in terms of section 159(4). Further, website of the company will also be updated with the required information for each Director.

6. The present Directors of the Company have no interest in the above business except their eligibility for re-election as director of the Company.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

**Brig Kashif Naveed Abbasi, SI (M), Retd**
Company Secretary

# Form of Proxy

**$15^{TH}$ EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING**

**The Company Secretary**
Fauji Cement Company Limited
Fauji Towers, Block-3, 68 Tipu
Road, Chaklala, Rawalpindi

I/we________________of________________being a member(s) of Fauji Cement Company Limited, holding____________ordinary shares as per Registered Folio No / CDC A/c. No.________ hereby appoint Mr/ Mrs/ Miss________________of (full address) ________________ or failing him / her Mr / Mrs / Miss____________________(address)______________(being member of the Company) as my/our Proxy to attend, act and vote for me /us and on my/our behalf at the **$15^{TH}$ EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING** of the Company to be held **at Pearl Continental Hotel, Rawalpindi on $10^{th}$ December 2024 (Tuesday) at 1500 hours** and/ or any adjournment thereof.

Signed this__________ day of_____2024.

**Signature on Rs. 50/- Revenue Stamp**

**WITNESSES**

1. **Name :** ____________________
   Address: ____________________
   CNIC No: ____________________
   Signature ____________________

2. Name : ____________________
   Address: ____________________
   CNIC No: ____________________
   Signature : ____________________

**NOTICE**

1. A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another person as his / her proxy who shall have such rights as attending, speaking and voting at the meeting, as are available to a member.
2. Proxy shall authenticate his / her identity by showing his/ her CNIC or original passport andbring folio number (if member) at the time of attending the meeting
3. In order to be effective, the instructions/proxy forms must be received at the Company's Registered Office address at FCCL Head Office, Fauji Towers, Block-3, 68 Tipu Road, Chaklala, Rawalpindi not later than **48 hours** before the meeting duly signed and stamped and witnessed by two persons, with their signatures names, address, CNIC numbers given on the form.
4. In case of individuals, attested copies of CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
5. In case of proxy by a corporate entity, Board of Directors resolution/power of attorney and attested copy of the CNIC or passport of the proxy shall be submitted along with proxy form.

# فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

## اطلاع برائے 15واں غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ (FCCL) کے ممبران کا 15واں غیر معمولی اجلاسِ عام بمقام پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، راولپنڈی، بتاریخ 10 دسمبر 2024 (منگل) بوقت 1500 بجے منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور طے کیے جائیں گے:

**خصوصی امور**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت 13 دسمبر 2024 تا 12 دسمبر 2027، تین سال کی مدت کے لیے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 اور (a)(2)159 کے تحت انتخاب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) مقرر کی گئی ہے۔

ب۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

(1) لیفٹیننٹ جنرل انور علی حیدر، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ

(2) لیفٹیننٹ جنرل قاضی محمد اکرام احمد، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ

(3) جناب سید بختیار کاظمی

(4) جناب مظہر عباس حسنینی

(5) جناب سمیع الحق خلجی - آزاد ڈائریکٹر

(6) محترمہ ملیحہ بنگش - آزاد ڈائریکٹر

(7) محترمہ نائلہ قاسم - خاتون ڈائریکٹر

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

**دیگر امور**

2۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر معاملے کو زیر غور لانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 اور (3)166 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلقہ ضروری تفصیلات کی دستاویز اس نوٹس کے ساتھ منسلک کی گئی ہے۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز، FCCL

**بریگیڈیر کاشف نوید عباسی، ستارۂ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ**

کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی

مؤرخہ 18 نومبر 2024

**نوٹ**

1۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 کے ضابطہ نمبر 7A کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ درج ذیل تین زمروں کے لیے جداگانہ طور پر منعقد کی جائے گی:

| نمبر شمار | زمرہ | ڈائریکٹرز کی تعداد |
|---|---|---|
| الف۔ | آزاد ڈائریکٹرز | 2 |
| ب۔ | خاتون ڈائریکٹر | 1 |
| ج۔ | دیگر ڈائریکٹرز | 5 |

2۔ کمپنی کے شیئرز کی منتقلی کے کھاتہ جات 4 دسمبر سے 10 دسمبر، 2024 (بشمول ان دونوں دنوں کے) اجلاسِ عام میں شرکت کی غرض سے بند رہیں گے۔

3۔ کمپنی کے ممبران کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے تقاضے پورے کرنے کی صورت میں اپنا حقِ رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

4۔ ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کا خواہش مند کوئی ممبر، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر کوئی ممبر، کمپنی کو اجلاسِ عام سے کم از کم 14 دن پہلے ایک نوٹس کے ذریعے اپنے اِس ارادے سے مطلع کرے گا اور فارم 9 کے ضمیمے کے ذریعے خود کو ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے لیے پیش کرے گا۔

5۔ کوئی شخص/ممبر جو آزاد ڈائریکٹر یا خاتون ڈائریکٹر کے زمرے میں اس عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کا/کی خواہش مند ہو، واضح طور پر کسی ایک زمرے (خاتون یا آزاد) میں ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کی نشاندہی کرے گا/گی۔

6۔ ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کے ارادے کے نوٹس کے ساتھ ساتھ درج ذیل دستاویزات بھی جمع کرانا ہوں گی، جن میں درج ذیل امور کی تصدیق کی گئی ہو:

الف۔ ممبر کسی قابلِ اطلاق قانون یا ضابطے کی رُو سے کمپنی کا ڈائریکٹر بننے سے نااہل نہیں ہے۔

ب۔ نہ وہ خود اور نہ اس کا/کی شریک حیات بروکر کے کاروبار سے متعلق ہے یا کسی تجارتی بروکر ادارے کا سپانسر، ڈائریکٹر یا افسر ہے۔

ج۔ وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام نہیں کر رہا/رہی۔

د۔ وہ ایکٹ، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز، پاکستان سٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی رُول بُک، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر قوانین اور ضابطوں کے مطابق ڈائریکٹر کی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے۔

7۔ کمپنیز ریگولیشن، 2024 کے فارم 9 کے ضمیمے میں دیے گئے نمونے کے مطابق ڈائریکٹر کے طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

کرنے کی رضامندی کی دستاویز جمع کروائیے۔

8۔ امیدوار کا ایک تفصیلی تعارف نامہ جس میں اس کا پتا بھی دیا گیا ہو فراہم کیا جائے جسے SECP کی ہدایت کے مطابق کمپنی کی ویب سائٹ پر دیا جائے گا۔

9۔ قومی ٹیکس نمبر (NTN) اور شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی نقل فراہم کی جائے۔

10۔ آزاد ڈائریکٹرز کے کوٹے پر انتخاب لڑنے والے امیدواران اپنی رضامندی کے ساتھ اس امر کا ایک بیان بھی جمع کرائیں گے کہ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت آزاد ڈائریکٹر کے لیے دی گئی شرائط پر پورا اترتے ہیں۔

11۔ CDC اکاؤنٹ رکھنے والے SECP کی دی گئی ہدایات کی پیروی کریں گے۔

12۔ <u>اجلاس میں شرکت کے لیے</u>

الف۔ <u>بذریعہ وڈیولنک</u>

(1) کمپنی اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں ممبران کی رُوبرو شرکت کے ساتھ ساتھ وڈیولنک کے ذریعے شرکت کا بھی انتظام کرے گی۔

(2) وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہش مند ممبران کمپنی کو مطلع کریں گے اور اپنی تفصیلات جس میں اپنا نام، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی دونوں طرف سے سکین کی گئی نقل، فولیو نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس شامل ہیں، 7 دسمبر 2024 تک اس ای میل ایڈریس پر فراہم کریں گے: secretaryoffice@fccl.com.pk

(3) اجلاس کا وڈیولنک ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر فراہم کیا جائے گا۔ اسی لنک کے ذریعے ممبران اس غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی میں اپنے موبائل فون یا کمپیوٹر کے ذریعے شرکت کر سکیں گے۔

(4) اجلاس میں آن لائن لاگ اِن ہونے کی سہولت 10 دسمبر 2024 کو 14:30 بجے کھولی جائے گی جس کے ذریعے شرکا اجلاس میں شرکت سے قبل اپنی شناخت کروانے اور تصدیق کے مراحل سے گزرنے کے بعد اجلاس کی کارروائی میں شامل ہو سکیں گے جو ٹھیک 15:00 بجے شروع ہوگا۔

ب۔ <u>رُوبرو شرکت</u>

(1) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی

Fauji Cement Company Limited FAUJI CEMENT Rawalpindi

تصدیق کرے گا۔

(2) CDS پر رجسٹر ہونے والے ممبران سے بھی درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات، آئی ڈی نمبر اور CDS میں اپنا اکاؤنٹ نمبر ہمراہ لائیں۔

13۔ **پراکسی کے تقرر اور اجلاس میں اس کی شرکت کے لیے**

الف۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی، اجلاس میں شرکت کرنے اور اپنی جگہ ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے تقرر کو مؤثر بنانے کے لیے تقرر کی دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس فوجی ٹاور، بلاک–III، 68 ٹیپو روڈ، چکلالہ، راولپنڈی میں اجلاس کے آغاز سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہو جانی چاہیے اور اس ضمن میں چھٹی کا دن ہونے کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا اہل نہیں ہوگا۔

ب۔ کوئی فرد جو CDC کا منفعت گیر مالک ہو، اور اس اجلاس میں ووٹ دینے کا اہل ہو، اسے اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) ساتھ لانا ہوگا، اور پراکسی کی صورت میں شراکت دار کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل لازمی طور پر پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

ج۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا پراکسی فارم پیش کرے گا۔

د۔ پراکسی فارم دو گواہوں سے تصدیق شدہ ہو جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر فارم پر واضح طور پر لکھے ہوئے ہونے چاہئیں۔

ہ۔ منفعت گیر مالک اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جانی چاہئیں۔

و۔ پراکسی کا حامل فرد اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

ز۔ **کارپوریٹ ممبران کے نمائندے**

کارپوریٹ ممبران کے نمائندگان کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اپنے ہمراہ لانا ہوگا۔

14۔ **وڈیو کانفرنس کی سہولت کی رضامندی**

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)132 کی رُو سے اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے ممبران کسی بھی شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں بشرطیکہ شراکت داران کی کُل تعداد کے مجموعی طور پر

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

10 فیصد ممبران جو اس مقام پر رہائش پذیر ہوں، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے اس پر اپنی رضامندی کا تحریری اظہار کریں۔

ب۔ درج بالا شرط کے پورا ہونے کی صورت میں، ممبران کو غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے 5 دن پہلے اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کی مکمل تفصیلات اور اس کے انعقاد کے مقام سے آگاہ کیا جائے گا۔ اس ضمن میں درج ذیل نمونے کے مطابق ایک باقاعدہ دستخط شدہ تحریری درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاسِ عام سے 7 دن پہلے موصول ہو جانی چاہیے:

"میں/ہم ____________، فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا/کے ممبر ہونے کی حیثیت سے، ________ عمومی حصص، رجسٹر فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر ____________ کا/کے حامل ہوں/ہیں، اور ____________ کے مقام پر وڈیو کانفرنس کی سہولت کے حصول کا/کے خواہاں ہوں/ہیں۔"

____________

(ممبر کے دستخط)

15۔ **ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ**

الف۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (ترمیم شدہ 5 دسمبر 2022) کی رُو سے ممبران الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کی سہولت حاصل کرنے کے اہل ہوں گے بشرطیکہ انتخاب لڑنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کی دفعہ 159 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت ڈائریکٹرز کی مقرر کی گئی تعداد سے زیادہ ہو۔

ب۔ اگر انتخاب لڑنے کے لیے درخواست دینے والے افراد کی تعداد اجلاسِ عام میں منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہوئی، تو کمپنی بیلٹ پیپر اور متعلقہ ذیلی ضابطے میں دی گئی دیگر معلومات غیر معمولی اجلاسِ عام سے کم از کم 7 دن پہلے ایک انگریزی اور ایک اردو اخبار میں شائع کرے گی (جس میں غیر معمولی اجلاسِ عام کا نوٹس شائع ہوا تھا)۔ اس میں تفصیلی معلومات فراہم کی جائیں گی جیسا کہ اس ضابطے کے ضمیمہ-1 میں دی گئی ہیں، اور بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب کیا جائے گا۔

ج۔ ووٹنگ ہونے کی صورت میں، کمپنی ووٹنگ کروانے کے لیے فوری طور پر ایک ای ووٹنگ کی سروس فراہم کرنے والا سہولت کار اور ساتھ ہی ایک جائزہ کار (scrutinizer) مقرر کرے گی۔ ووٹنگ کے سہولت کار اور جائزہ کار دونوں کے نام ممبران کو ارسال کر دیے جائیں گے اور انھیں ویب سائٹ پر فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اخبارات میں بھی شائع کر دیا جائے گا۔

16۔ **غیر معمولی اجلاسِ عام کے ممبران کے لیے ضابطہ اخلاق کی پیروی**

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

تمام ممبران سے درخواست ہے کہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطہ 55 کے ذیلی ضابطہ 2 میں دیے گئے ضابطہ اخلاق کی پیروی کریں۔

17۔ **پتے کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری اطلاع دیں۔ مزید کسی معاونت کے لیے ممبران کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں:

**رجسٹرڈ آفس**

کمپنی سیکرٹری

فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

فوجی ٹاورز، بلاک –III، 68 ٹیپو روڈ،

چکلالہ، راولپنڈی، پاکستان۔

فون: 83-9280081-51-92+

ای میل: secretaryoffice@fccl.com.pk

ویب سائٹ: htpp://www.fccl.com.pk

**FCCL رجسٹرار**

میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ

وِنگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن،

لاہور، پاکستان۔

فون: 35839182 ,19-35916714-42-92+

ای میل: corplink786@gmail.com

ویب سائٹ: http://www.corplink.com.pk

# حقائق کی تفصیلات

## آزاد ڈائریکٹرز کے تقرر کے لیے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 اور (3)166 کے تحت حقائق کی تفصیلات

1۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا جو 10 دسمبر 2024 کو 15:00 بجے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، راولپنڈی میں منعقد ہوگا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں جن کے تقرر کا دورانیہ 12 دسمبر، 2024 کو ختم ہو جائے گا:

الف۔ لیفٹیننٹ جنرل انور علی حیدر، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ

ب۔ لیفٹیننٹ جنرل قاضی محمد اکرام احمد، ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ

ج۔ جناب سید بختیار کاظمی

د۔ جناب مظہر عباس حسنینی

ر۔ جناب سمیع الحق خلجی - آزاد ڈائریکٹر

ز۔ محترمہ ملیحہ بنگش - آزاد ڈائریکٹر

س۔ محترمہ نائلہ قاسم - خاتون ڈائریکٹر

2۔ نیا بورڈ آف ڈائریکٹرز جس کا انتخاب کیا جانا ہے، درج ذیل زمروں میں سے ہوگا:

| نمبر شمار | زمرہ | ڈائریکٹرز کی تعداد |
|---|---|---|
| الف۔ | آزاد ڈائریکٹرز | 2 |
| ب۔ | خاتون ڈائریکٹر | 1 |
| ج۔ | دیگر ڈائریکٹرز | 5 |
| | **کُل تعداد** | 8 |

3۔ یہ زمرہ بندی لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 میں دی گئی تفصیلات کے مطابق کی گئی ہے۔

4۔ کمپنی کی انتظامیہ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر کسی شخص کے انتخاب اور چناؤ سے پہلے مناسب احتیاط اور مستعدی سے کام لے گی۔ سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی شرائط کے مطابق مجوزہ آزاد ڈائریکٹر کا نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے مرتب کردہ ڈیٹا بینک میں موجود ہونا چاہیے۔

5۔ انتخاب لڑنے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست دفعہ (4)159 کی روشنی میں مذکورہ اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم سات دن پہلے اخبارات میں شائع کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی ہر ڈائریکٹر سے متعلق تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

6۔ کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کا مذکورہ بالا معاملے سے کوئی مفاد یا دلچسپی نہیں ہے ماسوا اس کے کہ وہ دوبارہ کمپنی کے ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے اہل ہیں۔

**بریگیڈیر کاشف نوید عباسی، ستارۂ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ**
کمپنی سیکریٹری